127586 ـ کیا سہاگ رات ہم بستری کرنا واجب ہے ؟

سوال

میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کیا سہاگ رات میں بیوی سے ہم بستری کرنا واجب ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

مرد پر سہاگ رات میں بیوی سے جماع کرنا واجب نہیں بلکہ خاوند اور بیوی کو حق حاصل ہے کہ وہ اسے مؤخر کر سکتے ہیں جب وہ مناسب سمجھیں حقوق کی ادائیگی کریں.

لیکن عمومی طور پر جماع واجب ہے، اور خاوند اور بیوی دونوں کا حق ہے، اس لیے بیوی کو چاہیے کہ جب اس کا خاوند جماع کرنا چاہے وہ کرنے دے، لیکن اگر ایسا کرنے میں کوئی ضرر ہو تو پھر نہیں.

اور اسی طرح خاوند کو بھی چاہیے کہ وہ بیوی سے بقدر کفائت جماع کرے جس میں نہ تو اس کے جسم میں کمزوری آئے اور نہ ہی معیشت کے آڑے آئے.

مزید آپ سوال نمبر (1078) کے جواب کا مطالعہ کریں.

واللہ اعلم .